نصاب برائے
اسلام?ات (لازم?)

جماعت سوم تا پنجم

2017

MINISTRY OF FEDERAL EDUCATION & PROFESSIONAL TRAINING, ISLAMABAD
GOVERNMENT OF PAKISTAN

نصاب
برائے
اسلامیات (لازمی)
جماعت سوم تا پنجم
2017

پیش لفظ

اسلامیات برائے جماعت سوم تا جماعت پنجم کے نصاب کے لیئے ریویو کمیٹی 2017 بنائی گئی ۔ اس کمیٹی نے انتہائی پرخلوص کوششوں کے بعد نصاب 2006 کا تحقیقی جائزہ لینے کے بعد نصاب میں حتی الامکان بہتری لانے کی سعی کی ۔

مضمون اسلامیات کو ریویو کرنے کا مقصد یہ تھا کہ نصاب اسلامیات محض عقائد، عبادات ، سیرت اور اخلاق و آداب کی معلومات تک محدود نہ رہیں بلکہ طلبہ کی کردار سازی اور شخصیت میں راسخ العمل بنایا جائے۔

نصاب کی تیاری میں قابلیت (Competency) ، معیار (Standards) ، حاصلات تعلم (Student Learning Outcomes)اور سرگرمیوں (Activities) کو باقاعدہ طور پر شامل کردیا گیا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ان تمام تدریسی مراحل کے ذریع ے ریویوکمیٹی 2017 برائے نصاب اسلامیات نے اس کام کو انتہائی محنت و سعی سے سرانجام دیا ہے ۔

نصاب میں طلبہ کے سیکھنے کے عمل کے امکانات کو بڑھانے کی کوشش کی گئی ہے ۔ تاکہ طلبہ اسلامیات کو صرف مضمون کے طور پر نہ پڑھیں بلکہ اس کو اپنی روزمرہ زندگی میں شامل عمل کرسکیں اور ایک اچھے مسلمان بن سکیں۔ریویو کمیٹی برائے اسلامیات نے نصاب کے تدریسی مواد کے اطلاق کو عام فہم اور آسان زبان میں متعارف کروانے کی تجویز دی ہے ۔ اور اساتذہ اور مصنفین کے لئے باقاعدہ ایک مسودہ تیار کیا گیا ہے ۔ جس میں کچھ ہدایات دی گئی ہیں جن پر عمل کرنے سے بہترین نتائج کی امید کی جاسکتی ہے۔

جماعت سوم تا پنجم
تدریس اسلامیات کے مقاصد

بنیادی مقاصد

نصاب کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جا ئیں کہ:۔

۱۔ قرآن کی تلاوت کی اہمیت اور اس کے آداب سے واقف ہوں قرآن کریم کی درست تلفظ اور روانی کے ساتھ تلاوت کرسکیں اور اس کا مفہوم سمجھیں ذوق و شوق اور خشیت و اخلاص کے ساتھ قرآنی تعلیمات کی پیروی کر سکیں ۔

۲۔ اس بات پر یقین ہو کہ اللہ ایک ہے ۔وہ خالق ، مالک اور حاکم ہے۔اس کا کوئی شریک نہیں ۔حضرت محمدﷺ اللہ کے آخری رسول ہیں ۔

۳۔ وہ اللہ کی طرف سے لوگوں کو ہدایت کے لئے مقرر کئے ہو ئے رسولوں، ان کے ذریعے سے انسانوں کی رہنمائی کے لئے بھیجی جانے والی کتا بوں ،اللہ کے فر شتوں اور آخرت پر پورے یقین اور صدق دل سے ایمان لائیں گے ۔

۴۔ وہ زند گی کے ہر شعبے میں دینی تعلیم کی اہمیت سمجھیں اور اسے عملی طور پر اپنائیں رسول کریمﷺ کی سیرت اور اسوہ حسنہ سے آگاہ ہوں سچے دل سے اس کا اتباع کر یں اور معاشرے میں اسلامی اقدار و تعلیمات کے احیاء کا فریضہ سر انجام دیں ۔

۵۔ وہ اسلامی عبادات کی اہمیت سے آگاہ ہوں اور ان پر عمل پیرا ہوں ۔

۶۔ وہ اپنے وطن پاکستان کی محبت ، قو می یکجہتی،اسلامی اخوت ،تحمل وبردباری، مساوات ،وقت کی پابندی ، نظم وضبط ، صفائی، حسن معاشرت ، ایفائے عہد ، عفو در گزر ،سچائی،دیانت داری اور خدمت خلق جیسے اچھے اخلاق و اوصاف اختیار کر یں ۔

۷۔ روز مرہ زندگی میں سادگی کا مظاہرہ کریں اور فضول خرچی ،فخروغرور ،نمودو نمائش اور منافقت کی تمام صورتوں سے اجتناب کر یں ۔

۸۔ اپنی عمر کی منا سبت سے روزمرہ ز ندگی کے ضروری آداب و معا ملات کے متعلق اسلامی تعلیمات اور ان کے فوائد و برکات سے آگاہ ہوں اور ان کے دلوں میں ان پر عمل کر نے کا جذبہ و شوق پیدا ہو ۔اور عملی زندگی سے اس کا تعلق جوڑسکیں۔

۹۔ معاشرتی ز ندگی میں اہم حقوق و فرائض سے متعلق اسلامی تعلیمات اور ان کی اہمیت سے واقفیت حاصل کر یں اور انہیں عملی طور پر اختیار کر یں ۔

۱۰۔ طلبہ میں وہ تمام صفات پیدا ہوسکیں جو ایک اچھے مسلمان میں ہونی چائیں۔

۱۱۔ طلبہرواداری اور برداشت کے جذبے سے سرشار ہوں اور ہر موقع پر صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں۔

۱۲۔ ایک دوسرے کے ساتھ ہمدردی اور خیرخواہی کا جذبہ بیدار رکھیں۔

۱۳۔ ملکی اور بین الاقوامی ذمہ داریوں سے آگاہ ہوں اور ایک ذمہ دار شہری بن سکیں ۔

۱۴۔ انبیائے کرام علیھم السلام اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کی سیرت سے آگاہ ہوں۔

ناظرہ قرآن

حکومتِ پاکستان کے احکامات کے تحت پہلی جماعت سے پانچویں تک ناظرہ قرآنِ پاک پڑھانا لازمی ہے۔اس کے مطابق پہلی جماعت تا جماعت پنجم تک قاعدہ اور تیس پارے جس تر تیب سے شامل کئے گئے ہیں ان کی تقسیم درج ذیل ترتیب کے مطابق کر دی گئی ہے

جماعت اول	قاعدہ
جماعت دوم	پہلا تا دوسرا پارہ
جماعت سوم	تیسرا تا آٹھواں پارہ
جماعت چہارم	نواں تا اٹھاروان پارہ
جماعت پنجم	انیسواں تا تیسواں پارہ

جماعت سوم

القرآن الکریم باب اوّل : Competency

سرگرمیاں Activities	حاصلاتِ تعلم Student Learning Outcomes (SLOs)	حدِ تد ریج تدریس/ Benchmark	معیا ر Standard	نمبر شمار
• ناظرہ حفظ اور حفظ و ترجمہ کے الگ الگ مقابلے منعقد کئے جائیں • طلبہ کی قرأت کی درستگی کے لئے کسی معروف قاری کی آواز میں قرأت سنائی جائے • مقابلہ حسن قرأت کروایا جائے اور بہترین قرأت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے	• قرآن مجید کو صحیح تلفظ ، تجوید اور ادائیگی کے ساتھ پڑھ سکیں	پارہ ۳ سے ۸ تک	ناظرہ قرآن	الف
	• سورۃ الفاتحہ، سورۃ الاخلاص، سورۃ الکوثر • سورتوں کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ زبانی یاد کرسکیں اور انھیں نماز اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں۔	منتخب سورتیں	حفظِ قرآن	ب
• تمام کلمات کے چارٹ تیار کروا کر کمرہ جماعت میں لگائیں	• تعوذ، تسمیہ، تکبیر، کلمہ طیبہ • سبحان اللہ، الحمد للہ، استغفراللہ، ماشاء اللہ اور ان شاء اللہ • دیئے گئے کلمات کو زبانی یاد کر سکیں۔ان کے معنی و مفہوم کو جان سکیں اور ان کلمات کو اپنی روز مرہ زندگی میں استعمال کر سکیں	اہم کلمات	حفظ و ترجمہ	ج
• طلبہ درود پاکﷺ کو پڑھنے اور یاد کرنے کی مشق کریں	• درود شریف کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ زبانی یاد کریں اور انھیں نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں	درود ابراہیمی	درود شریف	د
• دعاؤں کو یاد کریں	i. علم میں اضافے کی	روز مرہ کی	دعائیں (زبانی)	ہ

اور ر وزانہ ان کو پڑھنے کا معمول بنائیں	دعا: رَّبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا ii. گھر سے نکلنے کی دعا: بسم اللہ توکلت علی اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ iii. کھانے سے پہلے کی دعا بِسۡمِ اللّٰہِ وَعَلٰی بَرَکَتِ اللّٰہِ۔ iv. کھانےکے بعد کی دعا: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا من المُسْلِمِينَ ان دعاوں کو زبانی یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں	اہم دعائیں		

Competency باب دوم :ایمانیات و عبادات

الف : ایمانیات

سرگرمیاں Activities	حاصلاتِ تعلم Student Learning Outcomes (SLOs)	حدتدریج /تدریس Benchmark	معیا ر Standard	نمبر شمار
• طلبہ کو اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات کی پہچان کروائی جائے • اللہ تعالیٰ کی کچھ صفات کی فہرست بنائی جائے • کلمہ طیبہ اور سورۃ اخلاص کے چارٹ	• توحید کا معنی و مفہوم سمجھ سکیں۔ • اللہ تعالی کی ذات وصفات کی پہچان اورحمد و کبریائی کا مختصر تذکرہ • کلمہ طیبہ اور سورہ اخلاص کا تر جمہ	▪ توحید کا تعارف ▪ کلمہ طیبہ اورسورہ اخلاص کا ترجمہ اور ان میں موجود تعلیمات کی وضاحت	ایمانیات	الف

			اور ان میں موجود تعلیمات جان سکیں • اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات کو جان سکیں ۔ • اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبریائی جان سکیں ، اس کا شکر ادا کر سکیں اور توحید کے تقاضے پورے کر سکیں	تیار کرائے جائیں
		▪ نبوت اور رسالت کا تعارف اور فرق	• نبوت اور رسالت کےمعنی اور مفہوم سمجھ سکیں اور ان میں فرق جان سکیں • رسالت کی ضرورت اور بعثت انبیاء کرام کو جان سکیں۔ • انبیاء کرام کی تعلیمات اور پیغام کو جان سکیں۔ • اپنی زندگی کو پیارے نبیﷺ کے طریقوں کے مطابق ڈھال سکیں اور دوسروں کو ا س پر آمادہ کر سکیں • رسولوں کی تعداد اور آخر ی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کی تر غیب رسول اکرمﷺ کو نبی آخرلزماں ماننا	

ب : عبادات

سرگرمیاں **Activities**	حاصلاتِ تعلم **Student Learning Outcomes (SLOs)**	حدتدریج /تدریس **Benchmark**	معیا ر **Standard**	نمبر شمار
• نماز کے ناموں اور ان کے اوقات کا چارٹ تیار کرکے کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔ • ہفتہ وار پڑھی گئی نمازوں کو گوشوارہ کی مدد سے شمار کروایا جائے۔ • طلبہ خانہ کعبہ کا ماڈل بنائیں • طلبہ کو خانہ کعبہ کا تعارف اور اس کی تعمیر کی کوئی ویڈیو دکھائی جائے • پاکستان کی چند تاریخی مساجد کا البم تیار کریں	• اذان اوروضو کی اہمیت و فضیلت جان کر اپنے روزمرہ زندگی میں عمل کر سکیں • نمازکی اہمیت و فضیلت جان سکیں • نماز ونکی تعداد اور نام جان سکیں اوراپنی ِزندگیونمیں نماز کی پا بندی کر سکیں • قبلے کا تعارف، اہمیت کو جان سکیں اور اس کا ادب وا حترام اور اثرات کو اپنی زندگیوں میں شامل کر سکیں • نماز ادا کر تے ہوئے قبلہ رُو ہو نے کی اہمیت کو جان سکیں • مسجد کا تعارف اوراہمیت جان سکیں • مسجد کے ادب و احترام کو اپنی زند گیوں میں شامل کر سکیں	(i) اذان اوروضو کی اہمیت اورآداب (ii) نماز کی اہمیت، فرض نمازوں کی تعداد ،ان کے نام ، اوقات اور آداب (iii) قبلہ کاتعارف اور احترام ، مسجد کا تعارف اور احترام	عبادات	ب

باب سوم: سیرت طیبہ Competency

سرگرمیاں **Activities**	حاصلاتِ تعلم **Student Learning Outcomes (SLOs)**	حدتدریج /تدریس **Benchmark**	معیا ر **Standard**	نمبر شمار

الف	حضرت محمد ﷺ کی حیاتِ طیبہ	حضرت محمد ﷺ کی حیاتِ طیبہ ولادت مبارکہ سے آغازِ وحی تک	• نبی کریم ﷺ کی ولادت اور کفالت کے بارے میں جان سکیں • حضرت ابو طالب کی کفالتِ نبوی ﷺ کی کوششوں کو جان سکیں • آپ ﷺ کے سفرِ شام کے دوران پیش آنے والے واقعات کو جان سکیں • پیارے نبی ﷺ کے جوانی کے حالات سے آگاہی بشمول حضرت خدیجہ الکبری رضی اللہ عنہاسے نکاح ،حجرِ اسود کی تنصیب غارِ حرا میں عبادت سے آگاہ ہو سکیں • غارِ حرا میں عبادت اورپہلی وحی کے نزول کے واقعات جان سکیں۔ • حضرت خدیجہ الکبری رضی اللہ عنہانے جو کلمات آپ ﷺ کے بارے میں بیان کیے ان کو جان سکیں۔	• پیارے نبی ﷺ کے دادا ، والد ، والدہ اور چچا کے اسمائے گرامی کا ایک چارٹ تیار کریں

• حضرت محمد ﷺ کی صداقت ، امانت اور حسن معاملات کے بارے میں جماعت میں ایک مذاکرہ کیا جائے	• آپﷺ کی صداقت، امانت اور حسنِ معاملات کے بارے میں جان سکیں • پیارے نبی ﷺ کے حُسنِ اخلاق کو جان کر اس پر عمل پیرا ہو سکیں۔ • نبی کریم ﷺ کی شانِ صداقت سے واقف ہو سکیں۔ • پیارے نبیﷺ کی صداقت و امانت کے اثرات جان سکیں۔ • بچےآپﷺ کی سیرت پر عمل کر کے خود بھی سچّے اور سچ کا ساتھ دینے والے بن سکیں۔ • سیرتِ طیّبہ کی روشنی میں آپؐ کی امانت و دیانت کے واقعات جان سکیں۔ • بچےآپﷺ کی سیرت کو اپنا کر دنیا و آخرت میں کامیاب ہو سکیں۔ • آپﷺ کی سیرت و کردار کی پیروی روزمرہ زندگی میں کرسکیں۔	حضور ﷺ کی صداقت، امانت اور حسنِ معاملات	سیرت رسول اکرم ﷺ	ب
• رواداری کے بارے میں آپس میں گفتگو کریں اور حضرت محمد ﷺ کی رواداری کے سلسلے میں چند واقعات ذہن نشین کریں۔	• روا داری کے حوالے سے نبی کریمؐ ﷺ کی تعلیمات جان سکیں۔ • رواداری جیسی عظیم قدر کو اپنا سکیں۔ • صبرو تحمل کا معنی و مفہوم جان سکیں۔ • صبرو تحمل کے حوالے سے رسول اللہ ﷺ کے اسوۂ حسنہ کو جان سکیں۔	حضرت محمد ﷺ حیات طیبہ کی روشنی میں رواداری اور صبر و تحمل کی مثالیں		

	• پیارے نبیﷺ کی سیرت کے مطابق اپنی زندگی میں رواداری اور صبر و تحمل سے کام لیں ۔			

Competency باب چہارم: اخلاق و آداب

نمبر شمار	معیا ر Standard	حدتدریج /تدریس Benchmark	حاصلاتِ تعلم Student Learning Outcomes (SLOs)	سرگرمیاں Activities
الف	باہمی تعلقات	بہن بھائیوں، رشتہ داروں، پڑوسیوں اور ساتھیوں کے ساتھ اچھے تعلقات	• بہن بھائیوں سے تعلقات اور حُسنِ سلوک کے حوالے سے اسلام کی تعلیمات سے آگاہ ہو سکیں • آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ اچھے تعلقات رکھ سکیں۔ • رشتہ داروں سے حسنِ سلوک کے بارے میں اسلام کی تعلیمات سے روشناس ہو سکیں۔ • پڑوسیوں کے ساتھ اچھے تعلقات کے بارے میں اسلام کی تعلیمات جان سکیں۔ • ساتھیوں کے ساتھ حُسنِ سلوک کے بارے میں اسلام کی تعلیمات جان سکیں۔ • ساتھیوں کے ساتھ اچھے تعلقات رکھ سکیں۔	• طلبہ آپس میں حسن معاملات کے لئے کن امور کو پیش نظر رکھیں ان کی فہرست بنوائی جائے • آپس کے تعلقات اور باہمی حقوق و فرائض پر طلبہ کے مابین مباحثہ کریں

ب	عادات	• منتخب اچھی عادات (i) سچ کی اہمیت	• سچ کے فوائداور جھوٹ کے نقصانات جان سکیں۔ • سچ کے بارے میں قرآن و سنت کی تعلیمات جان سکیں۔ • سچا ئی کی اہمیت جان سکیں اور اپنے ہر معاملے میں جھوٹ سے اجتناب اور سچائی کو اپنا کر عملی نمونہ پیش کر سکیں	• سچ کے فوائد پر طلبہ آپس میں گفتگو کریں • اپنے روزمرہ کے معمولات میں سچ بولنے سے حاصل ہونے والے فوائد ا ور جھوٹ کے نقصانات اپنے ساتھیوں کو بتائیں
		(ii) گفتگو کے آداب	• خوش کلامی کی اہمیت جان سکیں اور اس کو اپنی روز مرہ زند گی میں اپناسکیں • گفتگو کے دوران جن آداب کو پیشِ نظر رکھنا ضروری ہے، انھیں جان سکیں۔ • گفتگو میں اچھے الفاظ اورلب و لہجہ کا استعمال کر سکیں	• طلبہ گفتگو کے آداب پر چارٹ تیار کریں • اپنی گفتگو کو مشاہدہ کریں اور اس میں خیال رکھے جانے والے آداب کی فہرست بنائیں۔

باب پنجم: Competency ہدایت کے سر چشمے۔ مشاہیر اسلام

نمبر شمار	معیا ر Standard	حدتدریج /تدریس Benchmark	حاصلاتِ تعلم Student Learning Outcomes (SLOs)	سرگرمیاں Activities
الف	حضرت ابراہیم علیہ اسلام	حضرت ابراہیم علیہ اسلام کے حالات زند گی اور تعلیمات	• حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ابتدائی حالاتِ زندگی کے بارے میں جان سکیں۔ • حضرت ابراہیم علیہ	• حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شخصیت کے بارے میں طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش

کا مقابلہ کرایا جائے	السلام کی تعلیمات سے روشناس ہو سکیں • حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زندگی اور تعلیمات سے سبق حاصل کر سکیں اور اپنی عملی زند گی میں عمل پیرا ہو سکیں			
• حضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ کی شان اور خدمات کے بارے میں طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کا مقابلہ کرایا جائے	• حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حالاتِ زندگی کے بارے میں جان سکیں۔ آپ کے قبولِ اسلام کے بارے میں جان سکیں • حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی دینِ اسلام کے لیے خدمات سے سبق حاصل کر سکیں۔ • حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی سیرت و کردار کو اپنا سکیں	حضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ کے حالاتِ زندگی ،خدمات اور سیرت و کردار	حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ	ب

جماعت چہارم

Competency باب اول : القرآن الکریم

سرگرمیاں Activities	حاصلاتِ تعلم Student Learning Outcomes (SLOs)	حدتدریج /تدریس Benchmark	معیا ر Standard	نمبر شمار
	قرآن مجید کو صحیح تلفظ ، تجوید اورادائیگی کے ساتھ پڑھ سکیں۔	پارہ ۹ سے۱۸ تک	ناظرہ قرآن	الف
• ناظرہ اور حفظ و ترجمہ کے الگ الگ مقابلے منعقد کئے جائیں • طلبہ کی قرأت	• سورۃ النصر، سورۃ العصر، سورۃ الماعون اور سورۃ الکافرون • سورتونکو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ زبانی یاد کرسکیں اور انھیں نماز اور نماز کے علاوہ	• چار منتخب اور مختصر سورتیں	حفظِ قرآن	ب

			زبانی پڑھ سکیں۔	کی درستگی کے لئے کسی معروف قاری کی آواز میں قرأت سنائی جائے • مقابلہ حسن قرأت کوایا جائے اور بہترین قرأت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے
ج	حفظ و ترجمہ	• اہم کلمات	سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ ، سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى، سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَه ، رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا، جَزَاكَ اللهُ خَيْرًا • دئے گئےکلمات کو زبانی یاد کر سکیں اور ان کے معنی و مفہوم کو جان سکیں اور انھیں اپنی روز مرہ زندگی میں استعمال کر سکیں۔	
د	دعا ئیں (زبانی)	• روزمرہ کی اہم دعائیں	• بیت الخلا میں داخل ہونے کی دعا: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ • بیت الخلا سے باہر نکلنے کی دعا: غُفْرَانَکَ • سونے کی دعا اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰی • جاگنے کی دعا: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ • ان دعاوں کو زبا نی یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے	• دعاؤں کو یاد کریں اور روزانہ ان کو پڑھنے کا معمول بنائیں

	کے عادی ہو سکیں			

Competency باب دوم :ایمانیات و عبادات

الف : ایمانیات

سرگرمیاں Activities	حاصلاتِ تعلم Student Learning Outcomes (SLOs)	حدتدریج /تدریس Benchmark	معیا ر Standard	نمبر شمار
• ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے	• اہم فرشتوں کے نام جان سکیں • چار مشہورفرشتوں اور ان کی ذمہ داریوں کے بارے میں جان سکیں • چارآسمانی کتابوں کے نام جان سکیں • جن انبیاء پر یہ کتابیں نازل ہو ئی ہیں ان کے نام جان سکیں	• فرشتوں پر ایمان • آسمانی کتابوں پر ایمان	ایمانیات	**الف**

ب : عبادات

سرگرمیاں Activities	حاصلاتِ تعلم Student Learning Outcomes (SLOs)	حدتدریج /تدریس Benchmark	معیا ر Standard	نمبر شمار
• ارکان اسلام پر چارٹ بنایا جائے • طلبہ اپنے جیب خرچ میں سے کچھ پیسے بچا کر جمع کریں اور اس سے غریب طلبہ کی مدد کریں	• زکوٰۃ کا مفہوم جان سکیں • زکواۃ کی فرضیت کے بارے میں جان سکیں • زکواۃ کی فضیلت و اہمیت جان سکیں • زکوٰۃ کے دینی و دنیاوی فوائد جان سکیں • زکوٰۃ کے معاشرے پر اثرات جان سکیں	• زکواۃ	عبادات	الف

ب	حقوق اللہ	• حقوق اللہ کا تعارف اور اہمیت	• اللہ تعالی کے حقوق جان سکیں • اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کر نے والے بن سکیں • دعا کی اہمیت جان کر عملی زندگی میں اس کے عادی ہو سکیں • مشکلات میں صبر کر نا سیکھیں اور شکر و صبر کے عادی بن سکیں	• طلبہ اللہ تعالیٰ کی چند نعمتوں کی فہرست بنائیں اور اس بات کا جائزہ لیں ۔ آیا آپ نے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کیا۔اور مصیبت میں صبر کیا کہ نہیں
ج	قرآن مجید	• قرآن مجید کا تعارف، عظمت و اہمیت اور تلاوت کے آداب	• قرآن مجید کا تعارف جان سکیں • قرآن مجید کی عظمت و اہمیت جان سکیں • تلاوت کے آداب جان سکیں اور ان پر عمل کر سکیں	

باب سوم: سیرت طیبہ Competency

نمبر شمار	معیا ر Standard	حدتدریج /تدریس Benchmark	حاصلاتِ تعلم Student Learning Outcomes (SLOs)	سرگرمیاں Activities
الف	سیرت طیبہ	نزولِ وحی سے ہجرت مدینہ تک نزول وحی	• حضرت خدیجہ الکبری رضی اللہ عنھاکی تسلی کی روشنی میں رسول اللہ ﷺ کی حیاتِ طیبہ کے مختلف پہلوؤ ں سے روشناس ہو سکیں اور ان کو اپنی عملی زند گی میں اپنا سکیں • سیرتِ طیبہ کی روشنی میں دین اسلام کی تعلیمات پہ ثابت قدمی کو اپنا سکیں	•سورۃ العلق کی ابتدائی پانچ آیات کی تلاوت کا مقابلہ کریں

	• پہلی وحی کے نزول کا واقعہ جان سکیں • • سورہ العلق کی مذکورہ آیات کی روشنی میں علم کی اہمیت کو جان سکیں			
• اس سبق کے بارے میں سوالات بنائیں اور پھر طلبہ کے درمیا ن ذہنی آزمائش کے مقابلے منعقد کئے جائیں	• حضرت محمد ﷺ کی دعوتِ اسلا م کے آغاز کے بارے میں جان سکیں • سب سے پہلے ایمان قبول کرنے والوں کے ناموں سے آگاہ ہوسکیں۔ • دینِ اسلام کی تبلیغ کی اہمیت جان سکیں • اسلام کی دعوت کے دوران قریش مکہ کی مخالفت اور رسول اللہ ﷺ پر کیے گئے مظالم سے آگاہ ہوسکیں • حضور ﷺ ا ور آپ کے ساتھیوں کی ثابت قدمی کے بارے میں آگاہ ہو سکیں اور عملی زندگی میں ان کی پیروی کر سکیں • حضرت ابو طالب کے کردار سے آگاہ ہو سکیں	دعوتِ اسلام کا آغاز	دعوت اسلام	ب
	• رسول اکرم ﷺ کی دعوت وتبلیغ کے بارے میں جان سکیں • د عوت وتبلیغ کے دوران مشکلات سے آگاہ ہو سکیں۔ • ہجرت کا مفہوم سمجھ سکیں اور ہجرتِ حبشہ کے بارے میں جان سکیں	دعوت و تبلیغ میں مشکلات	دعوت و تبلیغ	ج

	• اسلام کے آغاز میں رسول اکرم ﷺ اور صحابہ کرام کی مشکلات کے بارے میں جان سکیں • نجاشی کے ب ارے میں چند معلومات حاصل کر لیں اورحضرت جعفر بن طیاّر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی تقریر کے بارے میں جان سکیں ۔ • پیارے نبیﷺ کی صداقت و امانت کے اثرات جان سکیں اور ان پر عمل پیرا ہوسکیں • بنو ہاشم کے بارے میں جان سکیں ، عامُ الحُزُن کا مفہوم سمجھ سکیں • محصورین کے لیے اللہ تعالیٰ کی مدد سے آگاہ ہو سکیں • حضور اکرم ﷺ کے سفر طائف کا مقصد اورطائف کے سرداروں کے چند رویّوں کے بارے میں جان سکیں • تاکہ ر سول ک ریم ﷺ کےصبر کے بارے میں جان کر اس صفت کو اپناسکیں			
• م‍عراج کے سفر کے دوران حضرت محمدﷺجن جن مقامات پر تشریف لے گئے ان کی فہرست تیار کریں	• سفر معراج کا مفہوم سمجھ سکیں ، اسراء کا مطلب سمجھ سکیں • "بیت المعمور " کے بارے میں جانیں، سدرۃ المنتہی ا ور عرش معلّیٰ کا مطلب سمجھ لیں • رسول اللہ ﷺ کے عظیم	معراج النبی ﷺکی اہمیت	معراج النبیﷺ	د

			معجزہ معراج سے آگاہ ہو سکیں	
ہ	ہجرت مدینہ	ہجرت مدینہ کی اسلامی تاریخ میں اہمیت	• ہجرت کا معنی و مفہوم سمجھیں، امانتوں کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں • ہجرت مدینہ کے واقعات مختصر طور پر جان سکیں • دعوت دین میں حکمت و دانائی کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں • ہجرت مدینہ کی اسلامی تاریخ میں اہمیت سے واقف ہوسکیں	

Competency - **باب چہارم:** **اخلاق و آداب**

نمبر شمار	معیا ر **Standard**	حدتدریج /تدریس **Benchmark**	حاصلاتِ تعلم **Student Learning Outcomes (SLOs)**	سرگرمیاں ***Activities***
الف	دیانت داری	دیانت داری کی ضرورت و اہمیت	• اسلام میں اچھے اخلاق و آداب سے آگاہ ہو سکیں۔ • دیانت داری کا مفہوم سمجھ سکیں • دیانت داری اور بد یانتی میں فرق سمجھ سکیں • عملی زندگی میں دیانت داری کی ضرورت و اہمیت سے اور اچھے مسلمان کی صفات	• طلبہ ایسے کاموں کی فہرست بنائیں جو وہ اپنی عملی زندگی میں دیانتداری سے سرانجام دیتے ہیں

			سے آگاہ ہو سکیں۔ • عملی زندگی میں اچھی صفات اور اچھی عادات اپنا سکیں • دیانت داری کےمعاشی اور معاشرتی ثمرات سے آگاہ ہو سکیں اور ان پر عمل پیرا ہو سکیں	
ب	سادگی	سادگی کی ضرورت واہمیت	• سادگی کا مطلب اور مفہوم سمجھ سکیں۔ • نبی اکرم ﷺ کی زندگی میں سادگی کی مثالوں سے آگاہ ہو سکیں۔ • عملی زندگی میں سادگی اپنائیں، دورِ حاضر میں سادگی اختیار کر نے کے فوائد جان کر عملی زند گی میں اپنا سکیں • نمود ونمائش سے دور رہ سکیں	• کسی بھی تقریب کا مشاہدہ کریں کہ اس میں سادگی کا اہتمام کیاگیا ہے یا نہیں • اپنے مشاہدہ کا ساتھیوں کے ساتھ تبادلہ خیال کریں
ج	حقوق العباد	(حقوق العباد کا مفہوم اور خدمت خلق)	• حقوق العباد کا مفہوم اور اہمیت سمجھ سکیں • خدمت خلق کا مفہوم سمجھ سکیں اور خدمت خلق کی مختلف صورتوں کے بارے میں جان سکیں - • عملی زندگی میں	• طلبہ کوکسی رفاہی ادارے کا دورہ کرایا جائے

			خدمت خلق کی صفت اپنا سکیں • دورِ حاضر میں خدمت خلق کی اہمیت سے آگاہ ہوسکیں اور اس کا عملی نمو نہ پیش کر سکیں	
د	آدابِ مجلس	آداب مجلس کا مفہوم اور اہمیت	• مجلس کا مفہوم جان سکیں ، مجلس کے آداب سمجھ سکیں • عملی زندگی میں آداب مجلس اپن ائیں، مجلس کے مقاصد جان سکیں۔ • دورِ حاضر میں مجلس کی اقسام جان کر ان کے آداب اپناسکیں	• مختلف مجالس کا مشاہدہ کریں اور دیکھیں کہ وہاں کن آداب کا خیال رکھا گیا ہے اور کون سی باتوں کا خیال نہیں رکھا گیا
ہ	وقت کی پابندی	وقت کی پابندی کی اہمیت و افادیت	• وقت کی اہمیت سمجھ سکیں، نظامِ فطرت اور وقت کی پابندی میں تعلق قائم کرنا سیکھ سکیں • عملی زندگی میں وقت کی پابندی کرنا سیکھیں، وقت کی پابندی کے فائدے جان کر ان پر عمل کر سکیں۔ • اپنی جماعت کے اور دیگر زندگی معاملات میں نظام الاوقات پر عمل کر سکیں ۔	• طلبہ اپنے ایک دن کا مشاہدہ کریں اورجماعت میں اپنے ساتھیوں کو بتائیں کہ وقت کی پابندی کا کیا فائدہ ہوا ۔ اور وقت کی پابندی نہ کرنے پر کیا نقصان اٹھانا پڑا۔
و	وطن سے محبت	وطن سے محبت کی اہمیت	• وطن کے معنی اور مفہوم سے آگاہ ہو سکیں • وطن کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں اور اس	• ایک ذمہ دار شہری ہونے کی حیثیت سے طلبہ اپنے اردگرد کے ماحول کا مشاہدہ کریں اور

آپس میں وطن سے محبت کے سلسلے میں اپنی اپنی رائے کا اظہار کریں کہ و ہ کس طرح اپنے وطن کی خدمت کرسکتے ہیں	کی قدر کرنا سیکھ سکیں۔ • اہل وطن کے معنی و مفہوم سے آگاہ ہوں، اپنے اندر وطن کی محبت کا جذبہ پیدا کر سکیں اس کی سلامتی اور ترقی کے لئے کوشش کر سکیں • پاکستان سے عملی طور پر محبت کر سکیں • ذمہ دار شہری کی خصو صیات جان کر اپنا سکیں۔ • ملکی اور بین الاقوامی سطح پ ر اچھا شہری بن سکیں اور ساتھیوں کو بھی اس کی تر غیب دے سکیں			

Competency باب پنجم: ہدایت کے سر چشمے۔ مشاہیر اسلام

سرگرمیاں Activities	حاصلاتِ تعلم Student Learning Outcomes (SLOs)	حدتدریج /تدریس Benchmark	معیا ر Standard	نمبر شمار
حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے بارے میں طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروائے جائیں	• حضرت موسی علیہ السلام کا تعارف جان سکیں، فرعون کے کردار سے آگاہ ہو سکیں • حضرت موسی علیہ السلام کی ابتدائی زندگی کے حالات کردار سے آگاہ ہوسکیں • حضرت موسی علیہ السلام کی زندگی اور	حضرت موسی علیہ اسلام کلتعارف اور اہم واقعات زندگی	حضرت موسیٰ علیہ السلام	الف

			واقعات سے سبق سیکھ سکیں اور عملی زندگی میں اس پر عمل کر سکیں • فرعون کے عبرت ناک انجام کے بارے میں جان سکیں	
ب	حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ	حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ کا تعارف اور اہم حالات زندگی	• حضرت عمرفاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ابتدائی حالات زندگی کے بارے میں جان سکیں • حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صفات جان سکیں اور عملی زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں • حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اسلام قبول کرنے کا واقعہ جان سکیں • حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بطور خلیفہ خدمات کے بارے میں جان سکیں	• حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ عنہ کی زندگی اور صفات کے بارے میں طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروائے جائیں۔ • حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قبول اسلام کا واقعہ اور دینی خدمات کے بارے میں جان سکیں۔

جماعت پنجم

Competency باب اول : القرآن الکریم

نمبر شمار	معیا ر Standard	حدِ تدریج/ حدِ تدریس Benchmark	حاصلاتِ تعلم Student Learning Outcomes (SLOs)	سرگرمیاں Activities
الف	ناظرہ قرآن	• پلوہ نمبر ۱۹ تا ۳۰	• قرآن مجید کو صحیح تلفظ ، تجوید اور ادائیگی کے ساتھ پڑھ سکیں	• ناظرہ حفظ اور حفظ و ترجمہ کے الگ الگ مقابلے منعقد کئے جائیں
ب	حفظِ قرآن	• منتخب آیات اورسورتیں	• آیتہ الکرسی، سورۃ الفلق، سورۃ الناس • آیۃ الکرسی اور سورتوں کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ زبانی یاد کرسکیں۔ انھیں نماز اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں۔ • آیۃ الکرسی کی اہمیت جان سکیں۔	• طلبہ کی قرأت کی درستگی کے لئے کسی معروف قاری کی آواز میں قرأت سنائی جائے • مقابلہ حسن قرأت کرایا جائے اور بہترین قرأت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے
ج	حفظ و ترجمہ	• منتخب آیات • دورود ابراہیمی • دعائیں	• سورۃ الفاتحہ، التحیات، درودِ ابراہیمی • ربنا اٰتِنا فی الدنیا حسنۃ و فی الاخرۃ احسنۃ وقنا عذاب النار • رب الجعلنی مقیم الصلاۃ و من ذریتی ربنا وتقبل دعا ربنا اغفرلی ولوالدی وللمومنین یوم یقوم الحساب • دئے گئےکلمات اور سورہ کو زبانی یاد کر سکیں اور ان کے معنی و مفہوم کو جان سکیں اور انھیں دعاؤں کو اپنی روز مرہ زندگی ،بالخصوص نماز میں استعمال کر سکیں۔	• آیۃ الکرسی اور دورد ابراہیمیؑ اور دعاؤں کے چارٹ بنا کر جماعت میں آویزاں کئے جائیں

د	دعا ئیں	• دعائے قنوت اور روز مرہ کی اہم دعائیں۔	• دعائے قنوت • مسجد میں داخل ہونے کی دعا: اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ۔ • مسجد سے باہر نکلنے کی دعا: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ ۔ • ان دعاؤں کو زبا نی یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں	• دعاؤں کو یاد کریں اور روزانہ ان کو پڑھنے کا معمول بنائیں

Competency **باب دوم :ایمانیات و عبادات**

الف : ایمانیات

نمبر شمار	معیا ر Standard	حدِ تدریج / حدِ تدریس Benchmark	حاصلاتِ تعلم Student Learning Outcomes (SLOs)	**سرگرمیاں** **Activities**
الف	ایمانیات	• آخرت کا مفہوم اور اہمیت	• عقیدہ کا مطلب سمجھ سکیں۔ • آخرت کا عقیدہ ان کے قلوب و اذہان میں راسخ ہو جائے ۔ • آخرت اور قیامت کے تصور کو سمجھ جائیں۔ • آخرت میں جوابدہ ہونے کی وجہ سے دنیا میں نیک عمل کرنے کی طرف راغب ہو سکیں۔ • دنیا اور آخرت کا تعلق سمجھ سکیں۔	طلبہ کے درمیاں میں ایسا مباحثہ کرایا جائے جس میں دنیا اور آخرت کی زندگی کا فرق مثالوں سے واضح ہوتا ہو

		• اطاعتِ رسول ﷺ اور اتباعِ سنت	• اطاعت رسول ﷺ کے مفہوم اور اہمیت سے واقف ہو جائیں • اللہ تعالیٰ کے احکام پر عمل کرنے کی عملی شکل صرف آپ ﷺ کے اسوہ حسنہ ہی میں ہے، اس بات کا یقین ہو سکے۔ • سنّت کا مفہوم اور اہمیت سمجھ سکیں۔ اور سنت نبوی ﷺ کی شرعی حیثیت کو سمجھ سکیں • اسوۂ حسنہ کے مطابق اپنی زندگیاں ڈھال سکیں۔	• اطاعت رسول ﷺ اور سنت نبوی ﷺ کے موضوع پر طلبہ کے درمیان ایک مذاکرہ کا اہتمام کیا جائے • طلبہ اپنے روزمرہ کے معاملات کا جائزہ لیں کہ وہ کون کون سی سنت پر عمل کرتے ہیں - فہرست بنائیں

ب : عبادات

نمبر شمار	معیا ر Standard	حدِ تدریج/ حدِ تدریس Benchmark	حاصلاتِ تعلم Student Learning Outcomes (SLOs)	سرگرمیاں Activities
الف	عبادات	i. جمعہ کی اہمیت اور فرضیت	• عبادات کی اہمیت و افادیت جان سکیں۔ • نماز جمعہ اور جمعہ کے دن کے فضائل جان سکیں۔ • جمعہ کے آداب جان سکیں۔ • جمعہ سےحاصل ہونے والے معاشرتی فوائد جان سکیں ۔ • کردار سازی میں جمعہ کے اثرات کو جان سکیں۔	جمعے کے دن کے مسنون کاموں کی فہرست بنائیں اور ان پر عمل کریں

طلبہ کے درمیان عیدین کے اثرات اور مصروفیات کے بارے میں مباحثہ کرایا جائے	• عیدین کی نماز کی اہمیت و افادیت سے جان سکیں • عیدین سے حاصل ہونے والے معاشرتی فوائد جان سکیں	ii. عیدین اور ان کی اہمیت		
	• روزے کا مفہوم اور اس کی اہمیت و فضیلت جان سکیں۔ • روزے کے اصل مقصد اور فوائدسے آگاہ ہو سکیں۔ • رمضان المبارک میں عبادت کرنے کی ترغیب حاصل کر سکیں۔	iii. روزے کا مقصد اور اہمیت		

Competency باب سوم: سیرت طیبہ

سرگرمیاں Activities	حاصلاتِ تعلم Student Learning Outcomes (SLOs)	حدِ تدریج / حدِ تدریس Benchmark	معیا ر Standard	نمبر شمار
• بچوں کو بھائی چارے کا تصور واضح کرتے ہوئے ان کے درمیان ایک مذاکرہ منعقد کیا جائے جس میں طلبہ اس بارے میں اپنے چند واقعات سنائیں	• سیرت نبوی ﷺ کے چند پہلوؤں سے آگاہ ہو جائیں۔ • طلبہ پر اخوّت اور بھائی چارہ کا تصور واضح ہو جائے ۔ • مؤاخاتِ مدینہ کی اہمیت کو جان سکیں۔ • مہاجرین اور انصار کے بارے میں جان سکیں۔ • معاشرے میں مؤاخات اور بھائی چارہ سے کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟ یہ جان سکیں ۔	• مواخات سے غزوہ خندق تک • مواخات کی اہمیت	مواخاتِ مدینہ	الف
• سمعی و بصری معاونت سے ط لبہ کو مسجد نبوی ﷺ کی	• مسجد نبوی ﷺ سے متعارف ہو سکیں۔ • مسجد نبوی ﷺ کی تاریخی	• مسجدنبویﷺ کا تعارف اور تاریخی اہمیت	مسجدِ نبوی ﷺ	ب

			علمی اہمیت کو جان سکیں۔ • تاریخی طور پر مسجد نبوی ﷺ کی تعمیر اور اہمیت سے واقف ہو جائیں	تعمیر اور توسیع کے بارے میں بتایا جائے
ج	میثاقِ مدینہ	• میثاق مدینہ کی اہمیت اوراثرات	• میثاقِ مدینہ سے متعارف ہو سکیں۔ • میثاق مدینہ کی چند شرائط اور پس منظر سے واقف ہو جائیں • میثاق مدینہ کے نتیجے میں حاصل ہونے والے فوائد کو جان سکیں	
د	غزوہ بدر	غزوہ بدر کی اہمیت اور نتائج و اثرات	• غزوۂ بدر کے تعارف اور اسباب سے آگاہ ہو سکیں۔ • حضور ﷺ کی جنگی حکمت عملی سے آگاہ ہو سکیں۔ • غزوۂ بدر کے نتائج کے بارے میں جان سکیں ۔	• نقشہ جات کی مدد سے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی مشہور جگہوں کی شناخت کوائی جائے • تینوں غزوات کے بارے میں ذہنی آزمائش کے مقابلے کروائے جایئں
ہ	غزوہ احد	غزوہ احد کے اسباب و واقعات و نتائج	• غزوۂ اُحد کا تعارف اور اسباب جان سکیں۔ • امیر کی اطاعت کی اہمیت جان سکیں۔ • غزوۂ اُحد کے نتائج سے آگاہ ہوسکیں اور حاصل ہونے والے سبق سے اپنے زندگی میں استفادہ کرسکیں۔	
ز	غزوہ خندق	غزوہ خندق کے اسباب و واقعات و نتائج	• غزوۂ خندق سے متعارف ہو سکیں۔ • غزوۂ خندق کے اسباب و واقعات جان سکیں۔ • غزوۂ خندق کی جنگی حکمتِ عملی کے بارے میں جان سکیں۔	

	• اس بات کو جان سکیں کہ فتح صرف اسلحہ و تعداد سے نہیں بلکہ اللہ کی مدد اور حکمت عملی سے حاصل ہوتی ہے۔ • غزوۂ خندق کے نتائج سے آگاہ ہوسکیں اور حاصل ہونے والے سبق سے اپنی زندگی میں استفادہ کرسکیں۔			

Competency **باب چہارم:** **اخلاق و آداب**

سرگرمیاں Activities	حاصلاتِ تعلم Student Learning Outcomes (SLOs)	حدِ تدریج / حدِ تدریس Benchmark	معیا ر Standard	نمبر شمار
• طلبہ اپنے وعدہ پورا کرنے کے بارے میں کمرہ جماعت میں اظہار خیال کریں اور وعدہ پورا کرنے کی عادت کو اپنانے کا وعدہ کریں۔	• ایفائے عہد کا مفہوم جان سکیں۔ • ایفائے عہد کے معاشرتی فوائد جان سکیں۔ • روز مرہ زندگی میں اچھی اخلاقی صفات کو اپنا سکیں۔ • اسوہ حسنہ سے ایفائے عہد کی مثال سمجھ سکیں۔	• ایفائے عہد : تعارف اور اہمیت	ایفائے عہد	الف
• طلبہ اپنے رویے کا جائزہ لیں کہ اگر ان سے کوئی غلطی سرزد ہوجائے تو کیا اپنے دوست یا بہن بھائی سے معذرت کرتے ہیں۔	• عفو و درگذر اور رحم دلی کا مفہوم جان سکیں۔ • عفو در گزر اور رحم دلی کی صورت میں حاصل ہو نے والےمعاشرتی فوائد جان سکیں اور روز مرہ زندگی میں ان صفات کو اپنا سکیں۔	• عفوو درگزر: اہمیت و اثرات	عفو ودرگزر	ب

ج	رواداری	• روادری کی ضرورت و اہمیت	• رواداری کا مفہوم جان سکیں۔ • سماجی ہم آہنگی میں رواداری کی اہمیت سے واقف ہو سکیں۔ • اسوۂ حسنہ کی روشنی میں رواداری کو سمجھ سکیں۔ • گروہی، مذہبی، علاقائی اور لسانی عدمِ برداشت سے اجتناب کر سکیں۔ • رواداری کے اثرات سے آشنا ہو سکیں۔	• طلبہ اس بات کا جائزہ لیں کہ وہ آپس میں رواداری اور برداشت کا رویہ اختیار کرتے ہیں یا نہیں
د	کفایت شعاری	• کفایت شعاری: اہمیت و ثمرات	• کفایت شعاری کا مفہوم جان سکیں۔ • کفایت شعاری کی اہمیت سے واقف ہو سکیں۔ • کفایت شعاری کے فوائد و ثمرات سے آگاہ ہو سکیں۔ • دنیا اور آخرت میں کامیابی کے لیے کفایت شعاری کی اہمیت سے روشناس ہو سکیں۔	• بچت کا شعور اجاگر کرنے کے لئے طلبہ اپنی جیب خرچ اور بچت پر مشتمل گوشوارہ بنائیں
ہ	اخوت	• اخوت: مفہوم و اہمیت	• اسلامی اخوت کے معنی و مفہوم کو جان سکیں۔ • اسلامی اخوت کی اہمیت کو جان سکیں۔ • اسلامی اخ وت کے فوائد سے آگاہ ہوسکیں	• طلبہ کے درمیان ایسی سرگرمیاں کروائی جائیں کہ ان میں اخوت اور بھائی چارے کا جذبہ پیدا ہو اور وہ رنگ و نسل زبان اور فرقہ پرستی کو بھلا کر آپس میں مل جل کر

			اور روزمرہ زندگی میں اخوت و بھائی چارہ کی فضا قائم کرسکیں ۔	رہیں
و	بری عادت سے اجتناب	• چغل خوری کے انفرادی و اجتماعی نقصانات	• چغل خوری کے مفہوم سے واقف ہوسکیں • چغل خوری کے انفرادی اور اجتماعی برے اثرات سے آگاہ ہوسکیں • بری عادات کے لعنت سے اپنے آپ کو بچاسکیں	

Competency **باب پنجم:** **ہدایت کے سر چشمے۔ مشاہیر اسلام**

نمبر شمار	معیا ر Standard	حدِ تدریس Benchmark	حاصلاتِ تعلم Student Learning Outcomes (SLOs)	سرگرمیاں Activities
الف	حضرت عیسیٰ علیہ السلام	• حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حالاتِ زندگی اور تعلیمات	• حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت اور پرورش کے بارے میں جان سکیں۔ • حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حالات زندگی کے بارے میں جان سکیں۔ • حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات کے بارے میں جان سکیں۔ • حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دعوت و تبلیغ کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔	• حضرت عیسیٰؑ کی زندگی کے ب ارے میں ذہنی آزمائش کے مقابلے کروائے جائیں
ب	حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ	• حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کے حالاتِ زندگی اور اخلاق	• حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے حالات زندگی جان سکیں	• حضروت عثمان رضی اللہ عنہ کی زندگی، اخلاق اور علمی فضیلت کے

		و عادات	• حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے اخلاق و عادات اور آپ کی سخاوت کے بارے میں جان سکیں اور انہیں اپنی روزمرہ زندگی میں اپنا سکیں۔	بارے میں ذہنی آزمائش کے مقابلے کروائے جائیں
ج	حضرت علی رضی اللہ عنہ	• حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حالاتِ زندگی • حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اخلاق و عادات اور علمی فضیلت	• حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حالاتِ زندگی سے واقف ہو سکیں۔ • حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اخلاق و عادات اور علمی فضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔ • حضرت علی رضی اللہ عنہ کی صفات جان کر روزمرہ زندگی میں ان کو اپناسکیں	• حضرت علی رضی اللہ عنہ کی زندگی، اخلاق اور علمی فضیلت کے بارے میں طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کے مقابلے کروائے جائیں

حاصلات کی پیش رفت کا خاکہ برائے جماعت سوم،چہارم، پنجم

جماعت سوم	جماعت چہارم	جماعت پنجم
باب اول:	**ناظرہ قرآن و حفظ و ترجمہ**	
• قرآن مجید کے تیسرا تا آٹھواں پارہ کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھ سکیں ۔ • تین سورتیں زبانی یاد کر کے انہیں نماز اور نماز کے علاوہ پڑھ سکیں۔ • مختصر کلمات کو زبانی یاد کر کے ان کے معنی و مفہوم کو جان سکیں اور انہیں روز مرہ زندگی میں استعمال کرنے کے عادی بن سکیں۔ • روز مرہ کی اہم دعائیں زبانی یاد کرسکیں اور انہیں روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی بن سکیں۔ • درود شریف کو زبانی یاد کر کے روزانہ پڑھنے کے عادی ہوسکیں۔	• قرآن مجید کے نواں تا اٹھارواں پارہ کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھ سکیں ۔ • چار سورتیں زبانی یاد کر کے انہیں نماز اور نماز کے علاوہ پڑھ سکیں۔ • نماز میں شامل کلمات کو زبانی یاد کر کے ان کے معنی و مفہوم کو جان سکیں اور انہیں روز مرہ زندگی میں استعمال کرنے کے عادی بن سکیں۔ • روز مرہ کی اہم دعائیں زبانی یاد کرسکیں اور انہیں روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی بن سکیں۔	• قرآن مجید کے انیسواں تا تیسواں پارہ کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھ سکیں ۔ • منتخب آیات اور سورتیں زبانی یاد کر کے انہیں نماز اور نماز کے علاوہ پڑھ سکیں۔ • نماز میں پڑھی جانے والی دعائیں اور درود ابراہیمی علیہ السلام بمعہ ترجم ہ زبانی یاد کرسکیں تاکہ ان کے معنی و مفہوم کو جان کرانہیں روز مرہ زندگی اور نماز میں استعمال کرنے کے عادی بن سکیں۔ • روز مرہ کی اہم دعائیں زبانی یاد کرسکیں اور انہیں روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی بن سکیں۔ • دعائے قنوت زبانی یاد کرکے نماز میں پڑھ سکیں
باب دوم:	**ایمانیات و عبادات**	

الف : ایمانیات • طلبہ کو اسلام کے بنیادی عقائد کا تعارف حاصل ہو، اللہ تعالی کی ذات و صفات کی پہچان حاصل کرسکیں اور اس کے حمد و کبریائی جان کر اس کا شکر ادا کریں **ب: عبادات** • وضو اور عبادات کو درست طریقے سے ادا کرسکیں • اذان ، نماز کی اہمیت اور آداب کو جان سکیں • قبلہ او ر مسجد کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں	• ایمان کی اہمیت سے آگاہ ہوں تاکہ ایمان کو دنیا کی ہر چیز سے زیادہ عزیز سمجھیں۔ • اللہ تعالی کی محبت اور عظمت محسوس کرتے ہوئے اپنی زبان اور اپنے عمل سے ان کا اظہار کرسکیں۔ • فرشتوں پر ایمان اور آسمانی کتابوں پر ایمان سے واقف ہوسکیں۔ • چار مشہور فرشتوں کے نام اور کام جان سکیں • چار آسمانی کتابوں کے نام بمعہ ان کے انبیا کے جان سکیں۔ • قرآن مجید کی عظمت اور آداب سے واقف ہوسکیں۔ • ارکان اسلام کے بارے میں آگاہ ہوں اور عملی زندگی میں ان پر عمل پیرا ہوں۔ • زکوۃ کی فرضیت ، فضلیت اور دینی اور دنیاوی فوائد جان سکیں۔	• آخرت کا عقیدہ ان کے قلوب و اذہان میں راسخ ہو جائے۔ • آخرت اور قیامت کے تصور کو سمجھ سکیں۔ • جزا اور سزا کا تصور واضح ہوجائے۔ • آخرت میں جواب دہ ہونے کی وجہ سے دنیا میں نیک عمل کرنے کی طرف راغب ہوسکیں۔ • اطاعت رسول اور اتباع سنت کی اہمیت سے واقف ہوں۔ • روزے کی اہمیت ، فضیلت ، مقصد اور فوائد سے آگاہ ہوسکیں۔ • نماز جمعہ ، عیدین کی اہمیت اور آداب جان سکیں۔
باب سوم: سیرت طیبہ		
• طلبہ حضور ﷺ کی زندگی کے واقعات سے آگاہ ہوسکیں ا ور آپ ﷺ کے اخلاق و سیرت کی روشنی میں اپنی زندگی کوڈھال سکیں۔ • عقیدہ رسالت سے واقف ہوسکیں	• حضرت محمد ﷺ کی محبت اور احترام کو ایمان جانیں۔ آ پ ﷺ کو خاتم النبیین تسلیم کریں۔ • حضرت محمد ﷺ کی مکی زندگی کے اہم واقعات ہجرت مدینہ تک جان سکیں۔	• حضرت محمد ﷺ کی سیرت کے ہجرت مدینہ کے بعد واقعات جان سکیں • مختلف غزوات کے بارے میں رسول ﷺ کی حکمت عملی کے بارے میں جان سکیں۔
باب چہارم: اخلاق و آداب		
• طلبہ حسنِ معاشرت کے بارے میں اسلام کی	• زندگی کے ہر شعبے میں دین کی اہمیت کو سمجھیں اور	• اخلاق حسنہ کے چند پہلووں سے آگاہ ہوجائیں۔

تعلیمات سے روشناس ہوں اور اپنی عملی زندگی میں حسن معاشرت کا بہترین نمونہ بن سکیں۔	عملی طور پر اس کو اپنائیں اور اپنے اندر اچھے اوصاف پیدا کریں۔ نیز وطن کے مفید شہری بن سکیں۔	• اخوت اور بھائی چارے کا تصور واضح ہوجائے۔ • معاشرے پر اخوت اور بھائی چارے کے اثرات سے آگاہ ہوسکیں۔ • بری عادات سے اجتناب کرسکیں اچھے مسلمان بن سکیں اپنے اندر برداشت کی صفت پیدا کرسکیں۔
باب پنجم : مشاہیر اسلام		
• طلبہ انبیاء علیہم السلام اور صحابہ کرام کی سوانح حیات سے آگاہ ہوں اور نیک ہستیوں کے اعلی کردار سے متاثر ہو کر اپنی عملی زندگی میں ان سے رہنمائی حاصل کرسکیں۔	• ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام کی نمایاں شخصیات کو جان سکیں اور ان کی اتباع کا ذوق پیدا ہو اور اخلاقی صفات کو اپنا سکیں۔	• ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام کی زندگیوں کے اہم واقعات، خدمات اور اخلاق صفات جان سکیں۔ ان ہستیوں کی اخلاقی صفات کو اپنا سکیں۔

ہدایات برائے اساتذہ کرام

- قرآن مجید کو تجوید و قرأت کے ساتھ پڑھایا جائے تاکہ طلبہ بھی اسے صحیح انداز اور روانی کے ساتھ پڑھ سکیں۔(ساتھی طلبہ اور اساتذہ سے مدد لی جا سکتی ہے)
- قرآن مجید کی تلاوت کے آداب بچوں کو ایسے بتائیں کہ ان کے دل میں قرآن مجید کی تلاوت کرنے کا شوق پیدا ہو۔
- قرآن مجید کی بہتر اور صحیح ادائیگی کیلئے آڈیو اور ویڈیومعاونات استعمال کی جائیں کیونکہ بچہ یہ سُن کر،دیکھ کر بہتر طریقے سے سیکھ سکتا ہے۔
- حفظ و ترجمہ کے لیے جو کلمات اور دعائیں نصاب میں شامل کی گئی ہیں ، اساتذہ کرام بچوں کو یہ ترغیب دیں کہ وہ اُن کو نہ صرف زبانی یاد کریں بلکہ روزمرہ زندگی میں ان کو وقتاً فوقتاً یا ضرورتاً پڑھنے کے عادی ہوں۔
- طلبہ کو اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اس کائنات میں اس کی جو نعمیتں ہیں ، ان کے حوالے سے بتایا جائے، تاکہ طلبہ کے اندر اللہ تعالیٰ کی عظمت پیدا ہو اور بچوں کو ان کے پاس موجود نعمتوں کی قدر کرنا سکھائے۔
- اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتوں میں سے اپنے جسمانی اعضاء کی حفاظت اور صفائی کا خیال کرنا سکھائے۔
- پیارے نبی حضرت محمدﷺکے زندگی کے مختلف واقعات بچوں کو تسلسل سے سنانے کی پابندی کریں، تاکہ بچوں میں سنت نبویﷺ اپنانے کا شوق پیدا ہو۔
- واقعات او ر روزمرہ کی چھوٹی چھوٹی مثالوں سے بچوں میں باہمی تعاون اور خدمت خلق کا جذبہ بیدار کریں اور خود بھی اس کا عملی نمونہ پیش کریں۔
- اساتذہ بچوں کو اچھے اخلاق اور معاشرتی زندگی کے آداب سے تسلسل کے ساتھ آگاہی دے، تاکہ بچہ معاشرے میں ایک مفید اور کامیاب شہری بن سکیں۔

<u>اساتذہ کے لئے اہم سوالات</u>

- طلبہ کو کیا علم دینا چاہتے ہیں، انہیں کس قابل بنا نا چاہتے ہیں؟
- کن سرگرمیوں کو اختیا ر کرنے سے تدریسی مقاصد حاصل ہوسکیں گے؟
- سرگرمیوں کی پیش رفت کے لئے کیا وسائل درکار ہوں گے؟
- کیا سرگرمیوں کے لئے مختص کردہ وقت موزوں ہوگا؟
- کام کا تجزیہ اور جائزہ لینے کے لئے کیاطریقہ اختیار کیا جائے کہ ان میں حائل رکاوٹوں کا کیسے تدارک کیا جائے؟

طریقہ تدریس (Teaching Strategies)

اسلامیات نصاب ۲۰۱۷ءکو تدریس زبان کے جدید اصولوں کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔ یہ نصاب تقاضاکرتا ہے کہ بچوں
کو مختلف سرگرمیاں دے کر اُنھیں عملی طور پر اسلامی تعلیمات پر عمل کر نے کی تر غیب دی جائے تاکہ وہ ایک اچھے انسان بن سکیں۔

اسباق کی تیاری کرتے وقت ان طریقوں کو موزوں انداز میں اپنی روزمرہ تدریسی سرگرمیوں کا حصّہ بنائیں ۔

- سرگرمی /سوالات/ مشق بچوں کی ذہنی سطح اور بصری صلاحیت سے مطابقت رکھتے ہوں۔
- طالب علموں کو اپنی تفہیمی صلاحیت کا مختلف طریقوں سے اظہار کا حق دیا جائے اور اپنی رفتار سے سیکھنے کا موقع دیا جائے۔ ابتدا میں سست رفتار طالب علم آ گے چل کر زیادہ تیزی کا مظاہرہ کر سکتے ہیں اس لئے طلبا کے خاموش رہنے کے حق کو تسلیم کیا جائے تاہم بولنے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کی جائے۔
- اگر طلبا سے غلطی ہو جائے تو غلط قرار نہ دیں بلکہ پہلے ساتھی طلبا اور حسبِ ضروت اساتذہ خود مثبت انداز سے درستی کریں تاکہ وہ خود اپنی اغلاط کی درستی کےقابل ہو سکیں۔
- ذہنی/معلوماتی آزمائش (کوئز) وغیرہ

سوالات پوچھنا/کرنا

- سوال پوچھنا ایک مؤثر تدریسی طریقہ ہے کیونکہ ایک معیاری سوال کے ذریعہ نہ صرف طالب علم کی سوچ کے معیار اور تخیل کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے بلکہ سوال کے موزوں انداز سے طالب علم سے ایک معیاری جواب کا حصول بھی ممکن ہے۔اساتذہ کو چاہئے کہ سوالات ترتیب دیتے ہوئے درج ذیل نکات کا خیال رکھیں :
  - صرف ہاں ، نہیں اور ایک لفظ پرمشتمل سوالات کے بجائے ان کو وجوہات سے منسلک کیا جا سکتا ہے ۔زیادہ تر ایسےسوالات پوچھے جائیں جن میں طلبہ کو ایک جملے یا زیادہ میں اپنی رائے دینی پڑے۔
  - بلومز ٹیکسانومی(Bloom's Taxonomy) کے درجات کے مطابق ہر سطح کے سوالات تیار کیے جائیں۔
  - سوالات سمجھنے اور جوابات دینے کے لیے مناسب وقت دیا جائے۔ مشاہدے، حاصل شدہ معلومات کو کام میں لانے اور نتیجہ اخذ کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔
  - طلبا جو کہنا چاہیں کہنے دیا جائے۔ جواب غلط ہونے کی صورت میں دیگر طلبا سے پوچھا جا سکتا ہے یا اساتذہ خود رہنمائی کر سکتے ہیں تا ہم انداز ایسا ہو کہ طالب علم میں اعتقاد کی کمی نہ ہونے پائے۔

- ایسے مواقع پیدا کیے جائیں کہ طالب علم خود سوالات مرتب کریں اور اپنے ساتھی طلبا سے پوچھیں ۔

فکری تحرک (Brainstorming)

جب بھی کوئی نیا سبق پڑھانا ہو تو پہلے اس موضوع کے متعلق اساتذہ طلبہ سے بات چیت کریں جیسےقرآن مجید سے متعلق ابتدائی معلومات کا جال/خاکہ بنایا جاسکتا ہےاور ان سے موضوع کے بارے میں ایک دو جملوں میں اپنے خیالات پیش کرنے کا کہیں۔ تمام طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ وہ اس سرگرمی میں شریک ہوں۔ تمام جوابات بورڈ پر تحریر کیے جائیں بعد میں طلبہ کی مدد سے ان کا تجزیہ کیا جائے ۔

جماعتی مباحثہ (Whole class Discussion)

جماعتی مباحثہ ایک مفید طریقہ ہے جس کے ذریعے کم وقت میں پوری جماعت کو متوجہ کیا جا سکتا ہے ۔ سبق کے شروع میں جب نئے کام کی ابتدا ہو اور جب سبق پڑھانے کے بعد اندازہ لگانا ہو کہ جو کچھ پڑھایا گیا ہے طالب علم اس سے آگاہ ہیں تو رابطہ کا یہ طریقہ مناسب ہے۔

انفرادی ،گرو ہ میں یا جوڑیوں میں کام کروانا

کسی ایک سبق یا متبادل اسباق کی تدریسی پیش رفت کے لئے طلبا کی شرکت کے حوالے سےان طریقوں سے کام لیا جا سکتا ہے :

- **انفرادی کام:** طالب علم کو خود کام کرنے کا موقعہ دیا جاتا ہے تاکہ وہ اپنے آپ کو پرسکون اور بیرونی دباؤ سے آزاد محسوس کرتے ہوئے اپنی رفتار سے سیکھے یوں اُسے دوسرے پربھروسہ کرنے کے بجائے اپنی صلا حیتوں کو آزمانے کا موقع ملے گا۔ پڑھائی اور لکھائی کے کاموں میں اس طریقہ کا استعمال ممکن ہے۔
- **جوڑیوں میں کام:** جوڑی میں کام کی بدولت طالب علموں کو کام میں شراکت کا موقع ملتاہےبچے اپنے ہم عمر کے ساتھ تبادلہ خیال کرنے میں ہچکچاتے نہیں ہیں۔ اس طرح مسائل کے حل اور نتائج کے حصول کے لیے ایک دوسرے کی معاونت کا بھی موقع ملتا ہے اور خود انحصاری بھی آ تی ہے۔
- **گروہی (گروپ میں) کام:** چار یا پانچ طلبہ کو ایک گروپ میں بھی کام کرنے کا موقع دیا جاتا ہے یوں طالب علموں کوآپس میں گفت وشنید کا موقع ملتا ہے ۔ اُنھیں ایک دوسرے کے نظریات کے احترام ،اپنے خیالات پیش کرنے، ایک دوسرے کی اصلاح کرنے اور خوشگوار ماحول میں متفقہ نتائج اخذ کرنےکا موقع ملتا ہے۔اساتذہ سرگرمی کی ضرورت کے مطابق ایک جیسی یا مختلف ذہنی سطح کے طلبہ کے گروپ بنا سکتے ہیں ۔لیکن اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ہر طالب علم کو شرکت کا یکساں مو قع ملے۔

مطالعاتی دور (Field Trip)

اس طریقہ کار کے تحت مشاہدہ اور معلومات کواکٹھاکرنے کے لئے بچوں کو اسکول کے اندر اور باہر مختلف مقامات پر لے جایا جا سکتا ہے۔اس سے بچوں کو مختص کردہ موضوع کے بارے میں حقیقی زندگی اور اپنے ماحول سے مشاہدےکے بعد معلومات اکٹھا کرنے کا موقع ملتا ہے۔ معاشرتی مسائل یا اہم تاریخی مساجد سے متعلق معلومات حاصل کرنے کے

لئے فیلڈ ٹرپ کا انعقاد کیا جائے۔اس کے اختتام پر طلبہ کو اپنی معلومات کے اظہار کرنے کا موقع دیا جائے۔

مسا حت (Survey)

کسی موضوع پر حقائق اور آراءاکٹھا کرنے کے لیے سروے کا استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ کام گروپ میں انفرادی طورپر اور جوڑی میں بھی ہو سکتا ہے ۔ استاد معلومات اکٹھی کرنے کے لیے سوالنامہ وغیرہ تیار کرنے میں طلبہ کی مدد کریں اور کام سے متعلق وا ضح ہدایات دیں

رول پلے

رول پلے کے لئےموضوعات کا انتخاب طلبہ کے ماحول سےاُ ن کے مشا ہدے اور تجربے کو مدنظر رکھ کر کئے جائیں مثلا صفائی ، خدمت خلق ، اخلاقی صفات ۔

پراجیکٹ

اس طریقہ کار میں طالب علموں کو موضوع دیا جاتا ہے ۔وہ جماعت میں اور جماعت سے باہر نکل کر موضوع اور اس کے تمام پہلؤوں کے حوالے سے مسائل کو خود سے جاننے اور ان کا حل نکالنے کی تدابیر کرنے،مل جل کر کام کرنے، تحقیق اور تجزیہ کرکے نتائج پیش کرتے ہیں ۔ گروپ میں طلبہ سے پراجیکٹ کے مختلف پہلوؤں پر کام کروایا جائے۔

ٹیکنالوجی

ڈیجیٹل ٹیکنالوجی ترقی کے اس دور میں ہر فرد کی ضرورت ہے ۔ جماعت میں ایسی سرگرمیاں کروائی جائیں جن میں طلبہ کو سمعی وبصری آلات کے ذریعے معلومات جمع کرنے اور استعمال کرنے کے مواقع میسر ہو سکیں۔

[1] Curriculum, T. O. (2002). *The teaching/learning strategies companion* . Retrieved from http://www.belb.org.uk/downloads/i_epd_teaching_and_learning_companion_ministry_of_education.pdf

جائزہ اور امتحانات

تدریسی عمل اور اس کی کامیابی کا جائزہ لینا بے حد ضروری ہوتا ہے یہ جائزہ فوری (Formative) بھی ہونا چاہئے اور معیادی (Summative) بھی ہونا چاہئے ۔ جائزہ لیتے ہوئے بچوں کی یاداشت اور معلومات کی صلاحیت کو مدنظر رکھنے کے ساتھ ساتھ تفہیم ، اطلاق ، تجزیہ ، تشکیل اور تشخیص کی صلاحیتوں کو بھی ملحوظ خاطر رکھنا چاہئے۔

جائزہ اور امتحانات کا کچھ حصہ زبانی اور زیادہ تحریری ہونا چاہئےاور سالانہ امتحانات میں زبانی حصے کے نمبر بھی مخصوص کرنے چاہیں ۔ تاکہ اس کی طرف امتحانی نظر سے بھی بھرپور توجہ رہے ۔ زبانی جائزہ میں قرآن پاک کا تلفظ ، ادائیگی ، لب و لہجہ ، روانی اور حسن قرأت کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہئے۔ نیز اس بات کا بھی خاص خیال رکھا جائے کہ سالانہ اور بورڈ کی سطح کے امتحانات میں بھی زبانی جائزہ شامل رہے۔

معروضی آزمائشوں پر توجہ کے ساتھ ساتھ جائزہ اور امتحانات کا زیادہ تر حصہ انشائی طرز کا ہونا چاہئے۔ جس کے ذریعے سے بچوں کی تفہیم یعنی سمجھنے کی صلاحیت اور تجزیہ بشمول اطلاقی اور تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں مدد ملےگی اور بچوں کی انداز بیان میں ربط و تسلسل پیدا کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔

کوشش کرنی چاہئے کہ امتحان اور جائزہ کا عمل محض معلومات کی جانچ کے دائرے تک ہی محدود نہ رہے ۔بلکہ جائزہ اور جانچ کے عمل کے دوران نصابی کتب کے ساتھ ساتھ حاصلات تعلم کو بھی ملحوظ خاطر رکھا جائے۔

نصابی کتب کے مصنفین کے لیے رہنما اصول

1. علوم اسلامیہ کے موضوع پر ترتیب پانے والی تمام درسی کتب کا مواد قرآن و حدیث کی روشنی میں شامل کیا جائے اور ایسا کوئی تصور ، نظریہ اور فکر شامل نہ کی جائے جو قرآن و سنّت سے متصادم ہو۔
2. تمام اسلامی تعلیمات قرآن مجید ، سنّت نبوی، فقہ اسلامی ، علم الکلام ، اخلاق و آداب اور تاریخ اسلام سے حسبِ ترتیب اور حسبِ ضرورت استفادہ کیا جائے۔
3. درسی کتب ترتیب دیتے وقت مقامی ، علاقائی روایات آراء اور رجحانات داخل کرنے سے ہر ممکن اجتناب برتا جائے۔
4. درسی کتب ترتیب دیتے وقت مظاہر قدرت سے بھرپور استفادہ کیا جائے اور طلبہ کو اسلامی عقائد، تصورات اور موضوعات مظاہر قدرت سے مثالیں لے کر سمجھایا جائے۔
5. درسی کتب مرتب کرتے وقت کائنات ، فنی اور سائنسی امور میں اسلام کی صداقت اور حقانیت کو اجاگر کیا جائے تا کہ اسلام کو دیگر ادیان کے مقابلے میں برتری اور تفوق حاصل رہے۔
6. درسی کتب کو مرتب کرتے ہوئے اخلاق و آداب ، کردار سازی اور حسنِ معاشرت کے پہلوؤں کو اجاگر کیا جائے تاکہ اسلامی تعلیمات طلبہ کے ذہنوں پر مرقم ہوں اور طلبہ کو تمام تعلیمات پر عمل کرنے کی ترغیب حاصل ہو سکے۔
7. علومِ اسلامیہ کی درسی کتب میں بہت سی محترم اور مقدس شخصیات کا ذکر آتا ہے اس لیے ضروری ہے کہ ان محترم شخصیات کے ناموں کا املاء درست ہو بلکہ ان کے اسمائے گرام کے ساتھ تعظیمی اور تکریمی عبارات بھی شامل ہوں۔

حضرت محمد	ﷺ
انبیائے کرام	علیہ السلام
صحابہ کرام	رضی اللہ تعالیٰ عنہ
صحابیہ کے نام	رضی اللہ تعالیٰ عنہا
کسی بزرگ ولی	رحمتہ اللہ علیہ

8. اسلامیات کی درسی کتب میں درج ذیل تکریمی امور کو ملحوظ خاطر رکھا جائے ، مثلاً

خالق کائنات کے لیے	اللہ تعالیٰ
صرف مکہ کی جگہ	مکہ مکّرمہ
صرف مدینہ کی جگہ	مدینہ منّورہ
قرآن کی جگہ	قرآن مجید
بائبل کی جگہ	بائبل مقّدس

چار بڑے فرشتوں کے نام کے ساتھ علیہ السلام

9- پرائمری جماعتوں کی اسلامیات کی کتب مرتب کرتے ہوئے اصلی ماخذ و مصادر کے حوالے دینے سے گریز کیا جائے۔

10- علوم اسلامیہ کی درسی کتب میں قرآن و حدیث کے عربی زبان کے اقتباسات درست نقل کیے جائیں۔

11- درسی کتب مرتب کرتے وقت کتاب کے ہر سبق کے آخر میں طلبہ کو ایسا پیغام دیں کہ وہ اسکی عملی زندگی میں کام آ سکے۔

12- ایسی اسلامی معلومات اور تعلیمات شامل کی جائیں جو طلبہ کی ذہنی تربیت کر سکیں اور انہیں تزکیہ نفس اور کردار سازی کی ترغیب دے سکیں۔

13- تمام مواد کی تحریر سادہ ، آسان الفاظ اور عام فہم ہو، الفاظ و اصطلاحات کی املاء درست ہو۔

14- عنوانات اور ذیلی عنوانات مناسب جلی الفاظ میں تحریر ہوں۔

15- موضوعات کو مختصر اور مناسب پیراگراف میں تقسیم کیا جائے جو اپنا مکمل اور واضح تصور رکھتے ہوں۔

16- سبق میں دی جانے والی تعلیمات اور معلومات کا موجودہ دور کے حالات سے ربط ہو تاکہ طلبہ آج کے دور میں ایک مفید فرد بن سکیں۔

17- درسی کتب مرتب کرتے ہوئے فاضل مصنفین اسباب ان حدود میں رہ کر مکمل کریں۔

جماعت سوئم	ایک سے دو پیراگراف	50 الفاظ
جماعت چہارم	دو سے تین پیرا گراف	70 الفاظ
جماعت پنجم	تین پیرا گراف	100 الفاظ

18- سبق کے مقاصد اور حاصلاتِ تعلم غیر مبہم انداز میں بیان کریں تاکہ اساتذہ ان حاصلات کے تحت طلبہ کی تربیت کر سکیں۔

19- اسلامیات کی درسی کتب مرتب کرتے وقت اس بات کا خاص طور پر خیال رکھا جائے کہ پورا مواد مستند مصادر سے اخذ کیا جائے اور جو فرقہ واریت اور مسالک کی فکر سے بالاتر ہو کر اسلام کی سچی تصویر پیش کرتا ہو اور عالمی مذاہب میں باہمی ہم آہنگی کو فروغ دے۔

20- ہر سبق کے آخر میں طلباء اور اساتذہ کے لیے سرگرمیوں کا اضافہ کیا جائے کیونکہ بعض اسباق کے مقاصد کی تکمیل سرگرمیوں کے ذریعے کی جاتی ہے۔

(الف) طلبہ کے لیے ایسی سرگرمیاں شامل ہوں جو انہیں اسلامی تعلیمات پر عمل کرنے کی ترغیب دیں جیسے بڑوں کی عزت ، غریبوں کی مدد ، صفائی کا خیال، عبادت کی ترغیب۔

(ب) اساتذہ کرام کے لیے ایسی سرگرمیاں شامل کی جائیں وہ طلبہ کو مزید معلومات فراہم کریں تاکہ طلبہ کی کردار سازی ہو وہ سچے مسلمان اور مفید شہری بن سکیں۔

21- تیسری جماعت سے پانچویں جماعت تک کی درسی کتب کے لیے ضروری ہے کہ ہر سبق کے آخر میں مشکل الفاظ کے معنی شامل کیے جائیں۔

22- انسانوں کی تصاویر سے گریز کیا جائے بلکہ مظاہر قدرت، مظاہر فطرت، مساجد اور مدارس کی تصاویر اور نقشہ جات سے کتب کو مزّین کیا جائے۔

23- اسلامی کتب کا اولین صفحہ بھی عموماً سادہ ہوتا ہے جو کسی موزوں تہذیبی یا ثقافتی تصویر نقشے یا خاکے سے مزین ہو۔

24- اسلامی کتب میں خط نستعلیق استعمال کیا جائے اور پرائمری جماعت کی کتب کے لیے فانٹ سائز 14رکھا جائے۔

25- ہر کتاب قومی نصاب کے عین مطابق ترتیب دی جائے۔

26- فاضل مصنف کا مختصر تعارف کتاب کے آخر میں شامل کیا جائے۔

27- تیسری جماعت سے پانچویں جماعت تک باب پنجم (ہدایات کے سرچشمے ۔ مشاہیر اسلام) میں سے مختصر سوالات اور معروضی سوالات دئیے جائیں ۔ موضوعی سوالات نہ دئے جائیں ۔

مشقی سوالات سے متعلقہ ہدایات

مشقی سوالات بناتے وقت مندرجہ ذیل امور کا خیال رکھا جائے۔

1- ہر سبق کے آخر میں مشقوں کا اضافہ کیا جائے۔ سوالات کا طریقہ تین طرح سے منقسم ہو۔

الف: معروضی ۔ (خالی جگہ ، درست جواب کا انتخاب ، کالم ملانا، درست غلط کی نشاندہی)

ب: نیم معروضی(مختصر سوالات)

ج: موضوعی سوالات (تفصیلاً سوالات) بچوں کی یاداشت اور معلومات کی صلاحیت کو مدنظر رکھنے کے ساتھ ساتھ تفہیم ، اطلاق، تجزیہ ، تشکیل اور تشخیص کو بھی مدنظر رکھا جائے۔

2- سوالات طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق مقررہ اسباق میں سے پوچھے جائیں ، زیادہ تر سوالات حاصلاتِ تعلم سے اخذ شدہ ہوں۔

3- ہر جماعت میں سوالات کی تعداد ترجیحاً بڑھائی جائے ۔

مثلاً

تیسری جماعت میں تین سوالات،

چوتھی میں چارسوالات

اور پانچویں میں پانچ سوالات شامل ہوں۔

کریکلم ریویو کمیٹی برائے اسلامیات لازمی
جماعت سوم تا پنجم

1- شائستہ خاتون
ہیڈ مسٹریس اسلام آباد ماڈل سکول G-6/3 اسلام آباد

2- عظمیٰ حمید
ایسوسی ایٹ پروفیسر اسلام آباد ماڈل کالج فار گرلز F-6/2 اسلام آباد

3- شگفتہ خانم
اسسٹنٹ پروفیسر اسلام آباد ماڈل کالج فار گرلز G-10/2 اسلام آباد

4- سلمان شاہد
لیکچرار اسلام آباد ماڈل کالج فار بوائز G-10/4 اسلام آباد

5- نغمہ شاد
کریکلم کوآرڈینیٹر (اُردو، اسلامیات) بیکن ہاؤس سسٹم نارتھ

6- مجید الرحمان ملک
ڈپٹی ڈائریکٹر نیشنل بُک فاؤنڈیشن اسلام آباد

7- مرزا علی
ڈپٹی سیکرٹری فیڈرل بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد